پاکستان کی طرف سے افغانستان پر کئے گئے حملے سے متعلق میڈیا کے سوالوں کا سرکاری ترجمان نے دیا جواب

مارچ 14، 2026

پاکستان کی جانب سے افغانستان پر حالیہ حملوں سے متعلق میڈیا کے سوالوں کے جواب میں سرکاری ترجمان جناب رندھیر جیسوال نے کہا:

بھارت افغانستان کی سرزمین پر پاکستان کی جانب سے کیے گئے فضائی حملوں کی مذمت کرتا ہے، جس کے نتیجے میں متعدد شہری جاں بحق ہوئے ہیں اور شہری ڈھانچے کو نقصان پہنچا ہے. یہ پاکستانی حکومت کا ایک اور جارحانہ قدم ہے، جس سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ ایک خودمختار افغانستان سے معاندانہ رویہ جاری رکھے ہوئے ہے. بھارت اس بات کا اعادہ کرتا ہے کہ افغانستان کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کا مکمل احترام کیا جانا چاہیے.

نئی دہلی
مارچ 14، 2026